© rasailojaraid.com

۲۲۴ صفحات طباعت کتابت بہتر۔ قیمت مجلد دو روپے پچاس نئے پیسے۔ پتہ:۔ مطبع سعیدی۔ قرآن محل۔ کراچی

کسی قوم کی ترقی بغیر اخلاقی سربلندی کے نہیں ہوسکتی اس سلسلہ میں اخلاق کا ایک مکمل نظام ہے جس پر کاربند ہوکر مسلمانوں نے پہلے عظیم الشان ترقی کی اور جب سے انھوں نے اُن اخلاق کے سررشتہ کو چھوڑ دیا وہ قعرِ مذلت میں گر پڑے اس لئے اگر مسلمانوں کو اپنی عظمتِ رفتہ واپس لینی ہے تو اُن کے لئے ضروری ہے کہ وہ پھر اس نظامِ اخلاقی پر عمل پیرا ہوں اسی ضرورت کے پیشِ نظر اردو زبان کے مشہور اہل قلم مفتی انتظام اللہ صاحب نے یہ کتاب لکھی ہے جس میں آسان اور سلیس اردو میں اسلامی اخلاق کا مختصر خاکہ پیش کر دیا گیا ہے۔ ترتیبِ مضامین میں انھوں نے پہلے قرآن مجید کی آیات معہ ترجمہ کے لکھی ہیں اُس کے بعد احادیثِ صحیحہ کا لفظی ترجمہ دیا ہے اور پھر جہاں ضرورت سمجھی ہے صحابۂ کرام یا بزرگانِ دین کے واقعات سے استدلال کیا ہے اس کتاب کا مطالعہ مسلم اور غیر مسلم ہر ایک کے لئے مفید ہوگا۔

دو نبی از مولانا محمد بشیر اللہ منظاہری۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۸۲ صفحات کتابت طباعت بہتر قیمت دو روپے۔ ملنے کا پتہ:۔ شعبہ تبلیغ مرکزی "جمعیۃ العلماء برما" رنگون

مولانا محمد بشیر اللہ صاحب منظاہری برما میں دینی تبلیغ و اشاعت کا کام مدت سے کر رہے ہیں یہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے اس کے دو حصے ہیں پہلے حصہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مختصر حالات کے ساتھ آپ کی عالمگیر نبوت اور ختمِ نبوت کے دلائل تفصیل سے پیش کئے گئے ہیں دوسرے حصے میں مرزا غلام احمد قادیانی کے حالات کے ساتھ ساتھ اُن کی جھوٹی پیشین گوئیوں کی قلعی کھول کر یہ ثابت کیا گیا ہے کہ وہ جھوٹے نبی تھے کتاب اگرچہ مناظرانہ انداز میں لکھی گئی ہے تاہم جو کچھ لکھا گیا ہے حوالہ کے ساتھ لکھا گیا ہے اور اسی لئے اس کتاب کو پڑھنے کے بعد صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ مرزا غلام احمد کے دعوئ نبوت کی حقیقت کیا ہے جو لوگ ردِ قادیانیت سے دلچسپی رکھتے ہیں اُن کے لئے اس کتاب کا مطالعہ بہت مفید ہوگا۔

© rasailojaraid.com